سوال

عشاء کی باجماعت نماز میں آخری رکعت میں شامل ہونے کی صورت میں باقی کی تین رکعات ادا کرنے کا طریقہ بتا دیں۔

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی شخص باجماعت نماز میں لیٹ شامل ہو، امام صاحب ایک یا ایک سے زائد رکعات پڑھا چکے ہوں تو مقتدی امام کے ساتھ اپنی شروع کی نماز ادا کرے گا، یعنی اگر وہ امام کے ساتھ چوتھی رکعت میں شامل ہوا ہو تو امام صرف سورہ فاتحہ پڑھے گا، کیونکہ امام کی چوتھی رکعت ہے، لیکن لیٹ شامل ہونے والے کی پہلی رکعت ہوگی اور وہ ثناء، سورہ فاتحہ اور ساتھ کوئی سورت پڑھے گا۔ یہ شخص امام کے ساتھ جو ایک رکعت پڑھے گا وہ اس کی پہلی نماز ہوں گی اور امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑے ہو کر اپنی دوسری، تیسری اور چوتھی رکعت ادا کرے گا۔ یعنی دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور کوئی سورت تلاوت کرے گا، پھر تشہد میں بیٹھے گا، پھر کھڑے ہو کر تیسری اور چوتھی رکعت ادا کرے گا، جس میں صرف سورہ فاتحہ تلاوت کرے گا۔

سیدنا ابو قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا (صحيح البخاري، الأذان: 635، صحيح مسلم، المساجد ومواضع الصلاة: 602)

جس قدر نماز ملے پڑھ لو اور جو رہ جائے اسے (بعد میں) پورا کر لو۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتوی کمیٹی